© rasailojaraid.com



## طلبہ اپنی تمام تر توانائیاں حصول تعلیم پر صرف کریں.... ابو علی

جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میاں عطاء الرحمان طارق نے طلبہ پر زور دیا کہ دوران تعلیم طلبہ کو اپنی تمام تر توانائیاں حصول تعلیم پر صرف کرنی چاہئے اور خاص کر دینی تعلیم کا تقدس تب برقرار رہتا ہے جب طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی نمونہ بھی پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں میں صحیح اسلامی تعلیم کا بہت فقدان ہے اور وہ سچی باتوں کے متلاشی ہیں۔ اس لئے ہماری ذمہ داری بھی ہے کہ اعلی تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ لوگوں کو اس کی حقانیت سے بھی آگاہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ وقت بھی تھا۔ جب لوگ اہل حدیث کا نام سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ لیکن اب انہیں احساس ہے کہ اگر دین اسلام پر صحیح عمل کوئی کر رہا ہے تو وہ اہل حدیث ہیں۔ انہوں نے جامعہ سلفیہ کی تعلیمی' علمی' تبلیغی خدمات کو سراہا اور اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے طلبہ سے کمال شفقت کا مظاہرہ ہوئے ایک پرتکلف ظہرانے کا اہتمام بھی کیا۔

اس موقعہ پر رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمان نے خطاب کرتے ہوئے میاں طارق کا شکریہ ادا کیا اور کہا ہم دین کی سربلندی کے لئے دن رات کوشاں ہیں۔ جامعہ سلفیہ ہمارے اسلاف اور بزرگوں کا لگایا ہوا پودا ہے جو اب تناور درخت بن چکا ہے۔ اور اکناف عالم میں اس کے فارغ التحصیل اسلامی دعوت میں مصروف ہیں۔ انہوں نے میاں فضل حق کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور خاص کر صوفی احمد دین' حاجی سردار محمد و دیگر اراکین جامعہ کے بھرپور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ آخر میں شیخ الجامعہ مولانا عبد العزیز علوی نے خصوصی دعا فرمائی۔

© rasailojaraid.com